کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشیر بلدیات نواب زادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا اصل مقصد اقتدار نہیں بلکہ خدمت ہے عوام کے حقوق کا تحفظ، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اُن کے بچوں کے بہتر مستقبل کی ضمانت دینا ہمارا مشن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں پیپلز پارٹی خضدار کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں میر عبداللہ زہری، میر فیصل زہری، وڈیرہ مولا بخش جاموٹ، میر محمد عالم موسیانی، میر عبدالرزاق زہری، مقبول جام، میر مختیار احمد شکرانی، میر فرید خان زہری، میر یاسر زہری، میر محمد اسلم جاموٹ، عبدالعزیز زہری، نوید احمد زہری، عبدالسلام زہری، میر مختیار زہری، جمعہ خان موسیانی و دیگر شامل تھے اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، سردارزادہ میر عبدالقیوم ساسولی، میر خان محمد زہری اور میر شعیب زہری بھی موجود تھے۔

## محکمہ لائیو اسٹاک کی ترقی کیلئے جامع حکمت عملی پر گامزن ہیں' فیصل جمالی

### جانوروں کی افزائش، بیماریوں سے بچاؤ' گوشت اور دودھ کی پیداوار میں اضافے کیلئے اقدامات سے معاشی خوشحالی آئے گی' صوبائی وزیر

### سیکرٹری لائیو اسٹاک طیب لہڑی سے گفتگو' محکمے کے انتظامی امور، جاری منصوبوں اور عوامی سہولت کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی سے سیکریٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے ملاقات کی جس میں محکمے کے انتظامی امور، جاری منصوبوں اور عوامی سہولت کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر نے کہا کہ محکمہ لائیو اسٹاک صوبے کی معیشت میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے اور دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہے بلوچستان لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے تاکہ جانوروں کی افزائش، بیماریوں سے بچاؤ اور گوشت و دودھ کی پیداوار میں اضافہ کیا جا سکے جس سے معاشی خوشحالی آئے گی سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے وزیر کو محکمے کی حالیہ کارکردگی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

## دہشتگردانہ واقعات امن اور سماجی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی سازش ہے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

### ایم پی اے رحمت صالح بلوچ کے بھائی کے قتل پر اظہار افسوس' مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندان کیساتھ ہیں' صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پنجگور میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے اور ایم پی اے رحمت صالح بلوچ کے بھائی ولید صالح کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے یہاں جاری ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ یہ ایک افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے جس سے نہ صرف متاثرہ خاندان بلکہ پورے صوبے میں دکھ اور غم کی فضا پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات صوبے کے امن اور سماجی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں، جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے جاں بحق بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

ہونے والے ولید صالح کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مرحوم کے بلند درجات اور اہل خانہ کے صبر جمیل کے لیے دعا بھی کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 20 OCT 2025 Page No. 11


## شادی کور سے سپلائی اور نئی لائنوں کے ذریعے گھروں کو پانی کی فراہمی جاری ہے، زاہد سلیم

وفاقی حکومت سے فنڈز کیلئے فوری رابطہ کیا جائے تاکہ گوادر کی ترقی کے اہداف میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے: ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ

وفاقی حکومت سے باقی ماندہ فنڈز کے اجراء کیلئے فوری رابطہ کیا جائے تاکہ ترقیاتی عمل میں تسلسل برقرار رہے

کوئٹہ/گوادر (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ بلوچستان زاہد سلیم کی سربراہی میں گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں، خصوصاً بزنس پلان اور واٹر پروجیکٹ کا تفصیلی جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان خان اور چیف انجینئر حاجی سید محمد نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کی اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبوں کی مالی و فزیکل پیشرفت پر تفصیلی بریفنگ دی ڈی جی جی ڈی اے نے بتایا کہ واٹر سپلائی منصوبے کے تحت 11 ارب روپے کی لاگت سے شادی کور سے چاوڑ ڈگار اور وہاں سے گوادر ایئرپورٹ واٹر اسٹیشن تک تقریباً 150 کلومیٹر طویل مین ٹرانسمیشن لائن بچھائی گئی ہے۔ چاوڑ ڈگار کے مقام پر جدید واٹر اسٹیشن قائم کیا گیا ہے جہاں اعلیٰ معیار کی پمپنگ مشینری نصب ہے جبکہ اسٹیشن کیلئے علیحدہ بجلی فیڈر بھی فراہم کیا گیا ہے ایئرپورٹ واٹر اسٹیشن پر 70 لاکھ گیلن، سینٹرل پارک میں 10 لاکھ گیلن، سٹی واٹر اسٹیشن میں 20 لاکھ گیلن، اور کوہ بن میں 2 لاکھ گیلن کے جدید واٹر اسٹوریج ٹینکس تعمیر کیے گئے ہیں جو کہ جدید آلات و مشنری پر مشتمل پمپنگ اسٹیشن پر مشتمل ہیں شہر کے اندر تقریباً 150 کلومیٹر طویل ڈسٹری بیوشن لائن بھی مکمل کی جا چکی ہے جو بتدریج فعال ہو رہی ہے شادی کور سے پانی کی سپلائی بحال ہو چکی ہے اور نئی لائنوں کے ذریعے گھروں کو پانی کی فراہمی جاری ہے، جس سے شہری براہ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ ڈی جی جی ڈی اے نے بتایا کہ بزنس پلان کے تحت وفاقی حکومت کی جانب سے ابتدائی دس سالوں میں 25 ارب روپے فراہم کیے جانے تھے تاکہ شہر کے بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے، تاہم اب تک تقریباً 15 ارب روپے موصول ہوئے ہیں۔ ان فنڈز کے موثر استعمال سے جی ڈی اے نے گوادر کے خدوخال بدل دیے ہیں، 280 کلومیٹر سڑکوں، اسکولوں، ہسپتالوں، پارکس، گراؤنڈز، جیٹیز اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے شہر میں ترقی، خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری کو فروغ ملا ہے۔ ان منصوبوں نے گوادر میں معاشی سرگرمیوں کو نئی جہت دی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بزنس پلان کے دوسرے مرحلے میں جی ڈی اے معاشی، سماجی اور سیاحتی نوعیت کے نئے منصوبوں پر غور کر رہی ہے تاکہ شہر کو عالمی معیار کے مطابق ترقی دی جا سکے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ وفاقی حکومت سے باقی ماندہ فنڈز کے اجراء کیلئے فوری رابطہ کیا جائے تاکہ ترقیاتی عمل میں تسلسل برقرار رہے اور گوادر کی ترقی کے اہداف میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے مزید ہدایت کی گئی کہ جی ڈی اے اپنے نئے منصوبوں کی کنسلٹنسی، ڈیزائن اور ابتدائی فزیبلٹی رپورٹس جلد مکمل کر کے وفاقی حکومت کو ارسال کرے تاکہ فنڈز کی بروقت فراہمی کے بعد ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جا سکے۔

## کوئٹہ، غیر قانونی مقیم مہاجرین کیخلاف کریک ڈاؤن، سینکڑوں گرفتار

مختلف علاقوں سے 200 سے زائد افغان باشندے گرفتار، ابتدائی چھان بین کے بعد چمن پھر افغانستان منتقل کیا جائیگا

غیر قانونی مقیم افراد کو برداشت نہیں کیا جائیگا، تمام کارروائیاں قانون کے مطابق انجام دی جا رہی ہیں، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 200 سے زائد افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گرفتار افراد کو ابتدائی چھان بین کے بعد چمن روانہ کیا جائے گا، جہاں سے انہیں افغانستان منتقل کیا جائے گا۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف کارروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں تاکہ صوبے میں امن و امان اور قانونی نظم برقرار رکھا جا سکے۔ حکام

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق اب تک چمن کے راستے ایک لاکھ 75 ہزار سے زائد افغان شہریوں کو وطن واپس بھیجا جا چکا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اور تمام کارروائیاں قانون کے مطابق شفاف انداز میں انجام دی جا رہی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ میرا گھر ہے، جرائم کا قلع قمع کریں گے، ڈی آئی جی عمران شوکت

ڈسپلن کیخلاف ورزی کرنے والے افسران و اہلکاروں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی، ڈی آئی جی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ کوئٹہ میرا گھر ہے اور یہاں کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرنا ان کی اولین ترجیح ہے، انہوں نے واضح کیا کہ رشوت برداشت نہیں کی جائے گی، منشیات فروشوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کرنے والے افسران و جوان محکمانہ کارروائی کا سامنا کریں گے۔

بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

امن کے بغیر ترقی ممکن نہیں، ہمارا مقصد معاشرے میں اصلاح اور استحکام لانا ہے اور اس میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انتہائی مشکل اور چیلنجنگ حالات میں کوئٹہ پولیس کی کمان سنبھالنے پر ان کا کہنا تھا کہ ان کا بنیادی مقصد امن کی بحالی ہے، عوام کو لاقانونیت اور احساس عدم تحفظ سے نجات دلانے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا اور ٹیم ورک سے جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی والدہ کا تعلق کوئٹہ سے ہے اور تعلیم پشین سے مکمل کی، لہٰذا اپنے شہر کی خدمت کا موقع ملنے پر کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ چارج سنبھالنے کے بعد افسران کے اجلاس میں انہوں نے اپنی ٹیم کو ہدایت کی کہ عوام کی حفاظت اور خدمت کے لیے مخلصی، بہادری، حوصلہ اور محنت کے ساتھ کام کیا جائے، اجلاس میں تمام ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ رشوت ہرگز برداشت نہ کی جائے اور منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں میں لسانی بنیادوں اور دہشت گردی کے واقعات میں پاکستانیوں کی شہادتیں ہوئی ہیں جن میں پولیس، لیویز، فوج کے جوان اور عام شہری شامل تھے، اور خون کا بہا ہر قطرہ پاکستانی ہے، ہمارا کام دہشت گردوں پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ قانون کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کو کٹہرے میں لانا ہے۔ عمران شوکت نے کہا کہ کوئٹہ پولیس بہادر افسران اور جوانوں پر مشتمل ہے جنہوں نے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جوانیاں اور قیمتی قربانیاں دی ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 20 OCT 2025 Page No. 12

## ولید صالح بلوچ کے قتل پر نیشنل پارٹی کی جانب سے تین روزہ سوگ کا اعلان

**یہ ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھنے والے فرد کا قتل ہے جو ہمیشہ امن، عدم تشدد جیسی سیاسی اقدار کا امین رہا ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں پارٹی کے مرکزی رہنما بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ کے بھائی ولید صالح بلوچ کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے تین روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی ترجمان کے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ نہ صرف قتل کا المناک واقعہ ہے بلکہ ایک ایسے باوقار اور سیاسی خاندان سے تعلق رکھنے والے فرد کا قتل ہے جو ہمیشہ امن، عدم تشدد، صبر و تحمل اور سیاسی اقدار و روایات کا امین رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اور ایسے واقعات اس ناکامی کی مکمل نشاندہی کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ولید صالح بلوچ کا قتل صرف ایک خاندان کا دکھ نہیں بلکہ پورے بلوچستان کے باشعور عوام اور سیاسی طبقات کے لیے ایک گہرا صدمہ ہے۔ اس قسم کے پرتشدد واقعات امن دشمن عناصر کی سازشیں ہیں جو بلوچستان میں امن، ترقی اور سیاسی استحکام کے دشمن ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ولید صالح بلوچ کی شادی کی تقریبات کا آغاز ہو چکا تھا۔ خوشیوں کے گھر کو ماتم میں تبدیل کر دیا گیا۔ جو انسانیت کی توہین اور انتہائی قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل پارٹی ولید صالح بلوچ کے قتل پر انتہائی رنجیدہ و غم زدہ ہے اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔

## گوادر کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے آواز بلند کرتے رہینگے، ہدایت الرحمٰن

**پسنی میں عمانی اسپتال کے دورے اور مویشیوں کی ویکسینیشن کا جائزہ لینے کے موقع پر بات چیت**

**پریس کانفرنس میں ماہی گیروں کی جانب سے گزشتہ ماہ سے جاری سمندر کے بائیکاٹ کے خاتمے کا اعلان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ گوادر کے عوام کو تعلیم، صحت، روزگار سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی اور مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے اور عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے پسنی میں عمانی اسپتال کے دورے اور محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب مویشیوں کی ویکسینیشن کا جائزہ لینے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ پسنی میں عمانی اسپتال کے دورے ایمرجنسی وارڈ سمیت مختلف وارڈز کا دورہ و سہولیات کا جائزہ لیا اور مریضوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر عزیز اسماعیل، نعیم جوہر اور وسیم صمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے وارڈ میں صفائی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ دریں اثنا انہوں نے محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب کلانچ، چپ گواری، بل اڑ کی، ڈاک بازار، کوچو، زہرہ جانداری اور دیگر مختلف علاقوں میں مویشیوں کی ویکسینیشن مہم کی تفصیلات معلوم کی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کو بتایا گیا کہ مہم کی نگرانی ڈاکٹر صابر علی کر رہے ہیں کسانوں میں مفت ادویات بھی تقسیم کی جارہی ہیں۔ دریں اثنا پسنی میں ماہی گیروں کی جانب سے گزشتہ ماہ سے جاری سمندر کے بائیکاٹ کے خاتمے کا اعلان کر دیا۔ اس بات کا اعلان انہوں نے پسنی پریس کلب میں ایک پریس کانفرس کے دوران کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی، ڈی ایس پی پسنی، تحصیلدار پسنی اور پرسنل سیکرٹری وسیم صمد بھی موجود تھے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ آج کے بعد سمندری شکار معمول طور پر جاری رہے گا، تاہم کشتیوں کے ناخدا (کپتان) مقامی ہوں گے جبکہ دیگر عملہ ماہی گیر ملک کے کسی بھی علاقے سے ہو سکتے ہیں۔ دوسرے فریقین کے جائز مطالبات پر پسنی کے مقامی ماہی گیر انہیں جلد مقامی ناخدا فراہم کریں گے تاکہ وہ بھی روزگار کما سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عدل و انصاف ضروری ہے دیانتداری و اخلاص کے ساتھ سب کا خیال رکھا جائے، معمولی معمولی باتوں پر اختلاف نہ کیا جائے بلکہ مشاورت سے مسائل کے حل کی راہ نکالی جائے۔

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 | Dated: 20 OCT 2025 | Page No. 13

## طاقت کے زور پر عوامی خدمت سے دستبردار نہیں ہونگے، کبیر محمد شہی

**بزرگ رہنما حاجی صالح بلوچ کے فرزند ولید صالح کے قتل کے محرکات سامنے لائے جائیں، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے پارٹی کے بزرگ رہنما، حاجی صالح محمد بلوچ کے فرزند، رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ اور ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور عبدالمالک صالح بلوچ کے بھائی ولید صالح بلوچ کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں جمہوری سیاسی عمل کو کچلنے کیلئے پرامن سیاسی کارکنان، رہنماؤں اور

بقیہ نمبر3 صفحہ 5 پر

ان کے خاندانوں کے خلاف پرتشدد حربے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ حاجی صالح محمد بلوچ کے گھرانے نے ہمیشہ پرامن، جمہوری، رواداری پر مبنی قوم و عوام دوست سیاست اور خدمت کی ہے۔ ایسے بزدلانہ ہتھکنڈوں سے نیشنل پارٹی اور شہید ولید کے خاندان کو جمہوری سیاسی جدوجہد اور عوامی خدمت سے دستبردار نہیں کرایا جا سکتا ہے بلوچستان پر مسلط کردہ فارم 47 کی حکومت حالات کی سنگینی کا ادراک اور اپنی بنیادی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے عوام کو تحفظ فراہم کرنے کی بجائے صرف دعووں تک محدود ہے۔ بلوچستان میں لاقانونیت، بدامنی اور عدم تحفظ میں روز بہ روز اضافہ ہو رہا ہے۔ ولید صالح کی شہادت کے دلخراش واقعہ کی شفاف تحقیقات کرکے اس کے محرکات کو سامنے لایا جائے اور ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اس مشکل وقت میں نیشنل پارٹی حاجی صالح محمد بلوچ کے خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔

## زہری میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ غفلت نہیں ظلم ہے، اختر مینگل

**خوراک اور روزگار کے ذرائع بند، حکومت فوری طور پر روڈ کو کھولے، ایکس پر پیغام**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں زہری کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا

بقیہ نمبر72 صفحہ 5 پر

ہے۔ انہوں نے کہا کہ زہری میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ محض غفلت نہیں بلکہ ظلم ہے۔ دو ماہ سے جاری سڑک کی بندش نے خوراک، ادویات اور روزگار کے تمام ذرائع منقطع کر دیے ہیں، بچے تکلیف میں ہیں، کپاس کی فصل تباہ ہو چکی ہے اور خاندان مایوسی کا شکار ہیں۔ آخر کب تک بے گناہ بلوچ عوام کو طاقت کی سیاست کا یرغمال بنایا جائے گا۔ اختر مینگل نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ زہری کی سڑک فوری طور پر کھولی جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے اور بنیادی انسانی حقوق کی بحالی ممکن بنائی جا سکے۔

## تعلیمی مسائل حل کرنے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں، یونس عزیز زہری

**ترقی اور خوشحالی کی بنیاد معیاری تعلیم ہے، سرنج گریشہ میں بوائز اور گرلز ہائی اسکولز کے تفصیلی دورے کے موقع پر اپوزیشن لیڈر کی گفتگو**

**گرلز اسکول کے واش رومز اور سولر سسٹم کے منصوبوں پر کام جاری ہے دونوں تعلیمی اداروں کیلئے بورنگ کی بھی منظوری ہو گئی ہے، جمعیت رہنما**

خضدار (نامہ نگار) اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے بوائز ہائی اسکول اور گرلز ہائی اسکول سرنج گریشہ کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ تعلیم قوموں کی ترقی کی بنیاد ہے اور ہماری کوشش ہے تعلیمی اداروں کو مضبوط بنایا جائے گرلز اسکول کے لیے واش رومز اور سولر سسٹم کے منصوبے پر کام جاری ہے جبکہ دونوں اسکولز کیلئے بورنگ کی بھی منظوری ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے تاکہ طلباء و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول مل سکے اس موقع ڈپٹی ڈی او خضدار تنویر کرد بادشاہ عمرانی نکری سیف اللہ ساجدی مولانا لیاقت حافظ محمد سمیت دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔

CamScanner

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 — Dated: 20 OCT 2025 — Page No. 4

## کردگاپ کے قریب ایس ڈی پی او نوشکی گاڑی سمیت اغوا

**نوشکی سے سوراب جانے کیلئے روانہ ہوئے تھے، رات ساڑھے بارہ بجے ان کا رابطہ منقطع ہوا، تلاش کا آغاز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کردگاپ ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے سوراب جانے والے ایس ڈی پی او نوشکی کو گاڑی سمیت اغوا کرلیا پولیس ذرائع کے مطابق ایس ڈی پی او نوشکی محمد یوسف ریکی ہفتے کی شب گاڑی میں اکیلے نوشکی سے سوراب گھر جانے کیلئے روانہ ہوئے رات ساڑھے بارہ بجے ان کا رابطہ کردگاپ کے علاقے ہوٹل کے قریب منقطع ہوا نوشکی پولیس ان سے مسلسل رابطہ کرنے کی کوشش کرتی رہی تاہم کوئی رابطہ نہ ہو سکا ذرائع نے بتایا کہ انہیں مسلح افراد نے گاڑی سمیت اغوا کرلیا اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے ہوٹل کے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔ واضح رہے کہ 26 ستمبر کو ڈی ایس پی مستونگ محمد رفیق کو بھی سوراب کے قریب سے اغوا کیا گیا تھا جو تین روز بعد اپنے دفتر پہنچ گئے تھے۔

## کچھی: حاجی شہر میں مسلح افراد کا لیویز تھانے پر حملہ، آگ لگا کر فرار ہوگئے

**ریکارڈ اور فرنیچر جل کر راکھ ہوگیا، فائر بریگیڈ نے آگ پر قابو پالیا، فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچھی حاجی شہر میں مسلح افراد لیویز تھانے پر حملہ آگ لگا کر فرار ہوگئے لیویز کے مطابق کچھی کے علاقے حاجی شہر میں لیویز تھانے پر گزشتہ روز مسلح افراد نے حملہ کرتے ہوئے تھانے کو آگ لگا دی جس کے نتیجے میں ریکارڈ اور فرنیچر جل کر راکھ ہوگیا اطلاع ملنے پر سیکیورٹی فورسز بھاری نفری نے موقع پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ فائر بریگیڈ نے آگ پر قابو پالیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## کوئٹہ: پولیس نے منشیات کراچی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی

**آٹھ کلو چرس اور اسلحہ قبضے میں لے لیا، فائرنگ کے تبادلے میں زخمی ایک اسمگلر سمیت دو گرفتار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خروٹ آباد پولیس نے منشیات کراچی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک اسمگلر کو زخمی حالت میں جبکہ دوسرے کو گرفتار کرکے آٹھ کلو چرس اور اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق ایس ڈی پی او صدر شوکت جدون کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ اسمگلر بھاری مقدار میں منشیات کراچی اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس پر ایس ایچ او خروٹ آباد عبدالحئی کرانی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے گزشتہ روز مغربی بائی پاس کراچی کوچ اڈے پر کارروائی کی اس دوران ایک مشکوک شخص جو سڑک کنارے کھڑا تھا پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے لگا پولیس نے جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں اسمگلر [illegible] زخمی ہوگیا جسے زخمی حالت میں گرفتار کرکے اس کے بیگ سے پانچ کلو چرس برآمد ہوئی پولیس نے منشیات اور ٹی ٹی قبضے میں لے لی جبکہ مغربی بائی پاس پر کراچی جانے والے ایک اور اسمگلر عزت اللہ کو گرفتار کرکے بیگ سے تین کلو چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔

## قلعہ عبداللہ: دستی بم پھٹنے سے دو بچوں سمیت تین افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع قلعہ عبداللہ میں گھر میں دستی بم پھٹنے سے دو بچوں سمیت تین افراد زخمی ہوگئے۔ لیویز حکام کے مطابق قلعہ عبداللہ کے علاقے حبیب زئی میں ایک گھر میں موجود دستی بم پھٹنے سے دو بچوں سمیت تین افراد زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 OCT 2025 Page No. 15

## عوامی خدمت سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر قمر زمان قائرہ نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور صوبے کی مجموعی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال عوامی، فلاح و بہبود کے منصوبوں ور قومی ہم آہنگی کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنی اتحادی جماعتوں کے ساتھ ملکر فلاح عامہ کے منصوبوں میں سرگرم کردار ادا کررہی ہے۔ عوامی خدمت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی حکومت بلوچستان کے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مضبوط بنانا چاہتی ہے تاکہ نوجوان خود کو فیصلہ سازی کے عمل کا فعال حصہ محسوس کریں۔ انہوں نے کہا کہ "بے نظیر بھٹو سکالرشپ پروگرام "صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی منصوبہ ہے جس کے تحت پرائمری سے اعلیٰ تعلیم تک طلباء وطالبات کو وظائف فراہم کئے جارہے ہیں۔ یہ اقدام تعیم کے فروغ اور نوجوان نسل کو موقع فراہم کرنے کی سمت میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے طلباء کے لیے 200 معیاری جامعات کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ باعزت روزگار نوجوانوں کے لیے باعزت روزکار اور خودد انحصاری کے نئے مواقع فراہم کرے گا جو بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ عوامی خدمت سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ جامع بیان قابل تعریف ہے کیونکہ اس وقت یہ اہم ضرورت ہے۔ جسے ہر حال میں پورا کرنا چاہئیے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر کام کررہے ہیں انہوں نے اقتدار میں آنے کے بعد ایسے اقدامات کئے ہیں جوکہ سابقہ حکومتیں نہیں کر پائیں تھیں۔ خصوصاً نوجوانوں کے حوالے سے وہ احسن اقدامات کررہے ہیں جن میں 200 معیاری جامعات میں داخلے، ہنرمند نوجوانوں کو روزگار کے لیے بیرون ممالک بھیجنا اور چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز جیسے احسن اقدامات ہیں جو یقیناً نوجوانوں کے بہترین مفاد میں ہیں۔ اس سے صوبے کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے باعزت روزگار اور خود انحصاری کے نئے مواقع فراہم ہونگے جو بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے کیونکہ یہی نوجوان مستقبل کے معمار ہیں ان کو اگر روزگار اور دیگر سہولتیں فراہم کی جائیں گی تو یہ ان کے اور صوبے کے بہترین مفاد میں ہوگا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ اپوزیشن کو بھی صوبے اور اس کی عوام کے مفاد میں ہونیوالے اقدامات کی حمایت کرنی چاہئیے۔ ان کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ساتھ دیتے ہوئے ان کے ہاتھ مضبوط کرنے چاہئیں کیونکہ صوبہ سب کا مشترکہ ہے اس کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام جماعتوں کو اپنی سیاسی نظریات کو ایک جانب رکھ کر اس اور اس کی عوام کے مفاد کیلئے کام کرنا چاہئیے جوکہ انتہائی ناگزیر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 20 OCT 2025 Page No. 16

# Reforming healthcare in prisons

The recent report from the Balochistan Health Department, revealing that 258 inmates across 12 provincial jails are afflicted with highly infectious and chronic diseases, is not merely a set of statistics — it is an urgent crisis demanding immediate and comprehensive reform. While the initiation of treatment for these patients is commendable, it serves only as a temporary bandage on a systemic failure that threatens not just inmates and prison staff but also the wider community's health. The numbers are staggering and paint a clear picture of the challenge. Out of 2,954 prisoners screened, 126 were found to be suffering from tuberculosis (TB), six from HIV, 45 from hepatitis B, and 81 from hepatitis C. The concentration of cases — particularly the 88 patients identified in Central Jail Machh — underscores the reality that correctional facilities, designed for containment, are instead becoming epicenters of contagious illness. TB, a disease that can be easily spread in crowded, poorly ventilated spaces, poses an acute threat, turning incarceration itself into a potential death sentence for the vulnerable. The constitutional duty of the state to protect the life and dignity of every citizen does not cease at the prison gates. In fact, the state assumes full responsibility for the health and well-being of those it detains. The prevalence of these diseases points directly to critical shortcomings: chronic overcrowding, abysmal sanitation standards, and a severe lack of medical infrastructure and specialized staff. These conditions create an environment where infectious diseases thrive and late-stage diagnoses become the norm rather than the exception. The government's response cannot be limited to treating only the currently identified patients. We must transition from a reactive healthcare model to a proactive, preventative one. This requires a multi-pronged strategy: the initial screening of 2,954 prisoners must be sustained — not as a one-off event, but as a mandatory entry and exit protocol — along with regular check-ups throughout the period of incarceration. Dedicated, well-ventilated medical wings and isolation facilities are essential for quarantining and treating patients with infectious diseases like TB, preventing further transmission. Adequate medical personnel — including specialist doctors, nurses, and laboratory technicians trained in managing infectious diseases — must be recruited and retained across all major facilities. The condition of the 258 inmates in Balochistan's jails is a stark reminder that the health of the most marginalized populations reflects the true state of a society. The government has an inescapable moral and legal obligation to provide the best possible healthcare facilities, ensuring that detention does not equate to the unchecked spread of fatal and non-fatal diseases.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB HUB

Bullet No. 5 Dated: 19 OCT 2025 Page No. 17


# صوبائی وزیرِ ٹرانسپورٹ بلوچستان کے نام کھلا خط

## بلوچستان کی شاہراہیں، مسافر کوچز اور بڑھتے حادثات ذمہ دار کون؟


تحریر: عبداللہ بلوچ، کارکن انسانی حقوق


وزیر ٹرانسپورٹ بلوچستان

یہ خط دراصل ایک پرانے زخم کی تازہ یاد ہے۔ دو سال قبل ایک تفصیلی رپورٹ بذریعہ کوریئر حکومتِ بلوچستان کے مختلف اعلیٰ حکام، بشمول سیکریٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی، کمشنرز) کوئٹہ، قلات، مکران، کراچی (اور نیشنل ہائی وے پولیس کے انچارج کو ارسال کی گئی تھی۔ لیکن آج کئی برس گزرنے کے باوجود بلوچستان کی شاہراہوں پر مسافر کوچز کے المناک حادثات، انسانی جانوں کا ضیاع اور غیر انسانی ٹرانسپورٹ نظام بدستور برقرار ہے۔

بلوچستان کی شاہراہوں کی صورتحال

بلوچستان کی قومی شاہراہیں بالخصوص مکران کوسٹل ہائی وے، آر سی ڈی ہائی وے، تربت، گوادر، پنجگور، خضدار، خاران، پشین اور کوئٹہ تا کراچی کا سفر گزشتہ کئی برسوں سے موت کا میدان بنی ہوئی ہیں۔ ان شاہراہوں پر پیش آنے والے حادثات نے درجنوں خاندانوں کو اجاڑ دیا، سینکڑوں بچوں کو یتیم، عورتوں کو بیوہ اور کئی افراد کو ہمیشہ کے لیے معذور بنا دیا ہے۔

(1) غیر قانونی چیک پوسٹیں اور ٹرانسپورٹروں کا غیر انسانی رویہ

تربت، گوادر، پنجگور اور کوئٹہ سے کراچی آنے والی کوچز کے مالکان اپنے اسمگل شدہ سامان کی بروقت ترسیل کے لیے انسانی جانوں کو داؤ پر لگاتے ہیں۔ چیک پوسٹوں پر تاخیر سے بچنے کے لیے ڈرائیورز انتہائی خطرناک رفتار اختیار کرتے ہیں۔ بعض اوقات حب پوائنٹ پر خواتین، بچوں اور بزرگ مسافروں کو زبردستی کوچز سے اتار دیا جاتا ہے، جس کے بعد وہ مجبوری میں کراچی تک مزید 5000 روپے کرایہ ادا کر کے ٹیکسیوں پر سفر کرتے ہیں۔ یہ عمل غیر قانونی، غیر اخلاقی اور بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

(2) حادثات کی بنیادی وجوہات

(الف) انسانی غلطیاں

تنظیمی سروے کے مطابق زیادہ تر حادثات صبح 3 تا 5 بجے کے دوران پیش آتے ہیں، یہ وہ وقت ہے جب نیند کا غلبہ ہوتا ہے اور ڈرائیورز 120 تا 140 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گاڑیاں دوڑاتے ہیں۔ حادثات کے زیادہ تر مقامات لسبیلہ، اوتھل، وندر، اور گنداوی کے درمیان ہیں، اور ان میں زیادہ تر کوچز بلوچستان سے کراچی جانے والی ہوتی ہیں۔

(ب) تکنیکی وجوہات

کئی کوچز میں 12000 لیٹر تک ڈیزل یا پٹرول کے ٹینک سیٹوں کے نیچے نصب کیے جاتے ہیں جو حادثے کی صورت میں آگ بھڑکنے کا باعث بنتے ہیں۔ یہ غیر قانونی اور نہایت خطرناک عمل ہے۔ سوال یہ ہے اس کے ذمہ دار کون ہیں؟ کسٹم، کوسٹ گارڈ، ا، ڈویژنل انتظامیہ، یا کوچ مالکان؟ یہ سوال آج بھی جواب طلب ہے۔

(3) غیر ضروری چیک پوسٹیں اور بھتہ خوری

بلوچستان سے سندھ میں داخلے کے مقام حب پل پر روزانہ سینکڑوں کوچز، ٹرالرز اور مسافر گاڑیاں گھنٹوں ٹریفک جام میں پھنسی رہتی ہیں۔ رینجرز، پولیس اور دیگر اداروں کی چوکیاں سیکیورٹی کے نام پر غیر قانونی وصولیوں کا ذریعہ بن چکی ہیں۔ یہ نظام مسافروں کے لیے اذیت، حادثات اور بداعتمادی کا سبب بن رہا ہے۔

(4) ماضی کے المناک سانحات

باگڑ (پل) گنداوی (حادثہ، 21 مارچ 2014

جاوید کوچ) تربت (اور (العزیز کوچ) کوئٹہ (کے تصادم کے نتیجے میں 40 مسافر جھلس کر شہید ہوئے۔ ایدھی رضاکاروں نے 6 فٹ لاشوں کے باقیات کو 3 فٹ کے تابوتوں میں دفن کیا۔

النجیب کوچ حادثہ، 2 فروری 2021

نمی چیک پوسٹ) آر سی ڈی روڈ (پر پیش آنے والے اس حادثے میں 25 مسافر شہید اور متعدد زخمی ہوئے۔

یہ کوچ پنجگور سے کراچی آ رہی تھی۔

کشاری پل حادثہ 2023

کوئٹہ سے آنے والی اسمگلنگ شدہ سامان سے بھری کوچ کشاری پل سے نیچے جا گری، جس کے نتیجے میں 45 سے زائد مسافر شہید ہوئے۔ یہ حادثہ بھی لسبیلہ، حب کے قریب پیش آیا۔ اگرچہ حادثے کے بعد کچھ حکومتی اداروں نے بیانات دیے اور فیصلے کیے، لیکن آج تک کسی بھی فیصلے پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

بیسمہ حادثہ (تربت تا کوئٹہ روٹ)

حادثے میں کیچ یونیورسٹی کے پروفیسر سمیت کئی تعلیم یافتہ شخصیات جاں بحق ہوئیں۔ 35 قیمتی جانوں کا نقصان ہوا۔ سول سوسائٹی کے دباؤ پر متعلقہ کمپنی کو بند تو کیا گیا، مگر نظام میں کوئی بنیادی تبدیلی نہ آ سکی۔ اسی طرح تیل بردار پک اپس اور زامباد گاڑیاں اکثر حادثات کا شکار ہوتی ہیں جن میں بمشکل کوئی شخص زندہ بچ پاتا ہے۔

(5) تجاویز و سفارشات

(1) تمام مسافر کوچز کے لیے زیادہ سے زیادہ رفتار 80 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر کی جائے۔

(2) ہر کوچ کے لیے ٹائم ٹیبل کارڈ جاری کیا جائے۔ جس پر کمپنی کا نام، کوچ نمبر، ڈرائیور کا لائسنس، رابطہ نمبر، روانگی اور آمد کے اوقات درج ہوں۔ ہر چیک پوسٹ پر اس کارڈ پر دستخط اور وقت درج کرنا لازمی قرار دیا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں کوچ کو 20 دن کے لیے بند اور ڈرائیور کا لائسنس معطل کیا جائے۔

(3) بلوچستان کے شہروں میں صرف داخلی و سرحدی مقامات پر چیک پوسٹیں رکھی جائیں، جبکہ غیر ضروری تمام چوکیاں ختم کی جائیں۔

(4) مواچھ گوٹھ (کراچی) اور سہراب گوٹھ کے نیچے قائم بس باڈی میکرز پر کارروائی کی جائے جو کوچز میں خطرناک فیول ٹینک نصب کر کے حادثات کی بڑی وجہ بن رہے ہیں۔

(5) ہر ڈویژن میں ڈرائیوروں کی تربیتی مراکز قائم کیے جائیں تاکہ پیشہ ورانہ صلاحیت میں بہتری آئے۔

(6) ان ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی نشاندہی کی جائے جو پٹرول و ڈیزل سے بھری خطرناک کوچز کی انشورنس کرتی ہیں۔

اپیل: 2014 سے اب تک ہم ان سانحات کی نشاندہی اور اصلاحی تجاویز پیش کرتے آ رہے ہیں۔ یہ خط کسی تنقید کے لیے نہیں، بلکہ انسانی زندگیوں کے تحفظ کی اپیل ہے۔ بلوچستان کی شاہراہوں پر ہر حادثہ ایک خاندان کی قیامت بن جاتا ہے۔ آج جب ہم منشیات کے باعث ہونے والی خاموش نسل کشی پر آواز بلند کر رہے ہیں، تو ہمیں سڑکوں پر ہونے والی اس "خاموش نسل کشی" کے خلاف بھی قدم اٹھانا ہوگا۔ ہمیں امید ہے کہ صوبائی حکومت، محکمہ ٹرانسپورٹ اور متعلقہ ادارے ان سفارشات پر سنجیدگی سے غور کر کے فوری اقدامات کریں گے تاکہ بلوچستان اور سندھ کے عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 OCT 2025 Page No. 18

# بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات

تحریر:۔ فیروز خان خلجی

بلوچستان پچھلے 30 برسوں سے موسمیاتی تبدیلیوں کا شکار صوبہ رہا ہے، کبھی خشک سالی تو کبھی غیر معمولی بارشوں سے تباہی، مگر اس مسئلے کا حل کبھی بھی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل نہیں رہا، 90 کی دہائی میں بلوچستان کے مختلف علاقے خشک سالی کی لپیٹ میں رہے، وجہ بنی موسمیاتی تبدیلی، اس کے بعد یہ سلسلہ رکا نہیں بلکہ وقت گزرنے کیساتھ صورتحال گمبھیر سے گمبھیر تر ہورہی ہے۔ 1998 میں چاغی اور خضدار کی سب تحصیل آرنجی میں تو صورتحال نے اتنی شدت اختیار کی کہ سینکڑوں افراد کو ہجرت کرنا پڑی، کئی انسانی جانیں ضائع ہوئیں اور لائیو اسٹاک کو بھی شدید نقصان پہنچا اب یہ حال ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں زیر زمین پانی کی سطح 1500 سے 3000 ہزار فٹ تک گر چکی ہے، صوبائی حکومت نے گذشتہ سال کے مالی سال کے بجٹ میں صوبائی حکومت نے گرین بلوچستان انیشیٹو پروگرام شروع کرنے کیلئے دس ارب روپے مختص کئے تھے، تاہم یہ منصوبہ تاخیر کا شکار ہے بلوچستان کے دور دراز اضلاع خاران، واشک، نوشکی، قلعہ سیف اللہ، پنجگور، جعفرآباد، نصیرآباد، سبی، کوئٹہ، خضدار، لسبیلہ، قلعہ عبداللہ سمیت دیگر متعدد اضلاع میں معمول سے کم بارشوں سے خشک سالی کا سامنا رہتا ہے، غیر معمولی بارشوں سے سیلابی صورتحال کا سامنا رہتا ہے، اس کے علاوہ ان اضلاع میں سردیوں میں موسم غیر معمولی سرد اور گرمیوں میں درجہ حرارت میں اضافہ سے ہیٹ ویو کے زیر اثر رہتے ہیں، سبی، تربت، دالبندین اور نوکنڈی سمیت کئی اضلاع میں زیادہ سے زدیادہ درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی زیادہ رکارڈ ہوتا ہے، پاکستان پاورٹی الیکویشن فنڈ کے سی ای او نادر گل بریچ کے مطابق سب سے زیادہ پانچ ممالک موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے متاثر ہورہے ہیں ان میں پاکستان بھی شامل ہے، اس صورتحال میں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم اسکے اثرات کم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات بلوچستان میں سیلاب، طوفانی بارشوں، تیزی سے بدلتے غیر معمولی موسمی رویے، اور مجموعی زرعی پیداوار اور اس کے معیار میں کمی کیعلاوہ صاف پانی کی عدم دستیابی کی صورت میں واضح ہیں ملک کے دیگر شہروں کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بھی موسمیاتی تبدیلی کے زیر اثر ہے، تقریباً 28 لاکھ نفوس پر مشتمل آبادی والے شہر کوئٹہ کو ایک زمانے میں خوشگوار گرمیوں، برفیلی سردیوں، خوبصورت عمارتوں اور خوشحال پھلوں کے باغات کے لئے چھوٹا لندن کہا جاتا ہے، اب اسے آب و ہوا کی تبدیلیوں کا سامنا ہے، یہاں درجہ حرارت میں غیر معمولی کمی بیشی، پانی کے وسائل میں کمی اور خطرناک ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے، ماضی کی نسبت اب یہاں برف باری معمول سے انتہائی کم ہوتی ہے، کوئٹہ میں اب گرمیاں پہلے سے کہیں زیادہ لمبی ہوتی ہیں، بارش معمول سے کم ہوتی ہے، اس کے اثرات زراعت پر بھی پڑ رہے ہیں، خاص طور پر سیب، چیری اور انار کے باغات متاثر ہونے سے پیداوار پر اثر پڑا ہے، پانی کی فراہمی کے ذخائر کم ہورہے ہیں، زیر زمینی پانی کی سطح بھی تیزی سے گررہی ہے شہریوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے، باغات خشک ہورہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ بہت سے باغات کی جگہ اب تعمیرات ہوئی ہیں، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے اب کوئٹہ میں موسم گرما میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک رکارڈ کیا جاتا ہے، یہی نہیں بارشیں نہ ہونے سے طویل خشک موسم کے سبب الرجی، دمے کی بیماریوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے، یہی نہیں گاڑیوں کے دھویں اور لکڑیاں جلانے کی وجہ سے فضائی آلودگی جیسے مسائل پیدا ہورہے ہیں جبکہ درختوں کی کٹائی بھی ایک اور اہم مسئلہ ہے، ماہرین کے مطابق کوئٹہ میں واٹر ریچارج پوائنٹس پر رہائشی کالونیوں کی تعمیر اور جنگلات اور درختوں کے بے دریغ کٹاؤ سے شہریوں کو نا صرف پینے کا پانی کی قلت کا سامنا ہے بلکہ ماحولیاتی آلودگی کا بھی سامنا ہے صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل کے مطابق صوبے میں موسمیاتی تبدیلی کی صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان نے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، ان کے مطابق وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے یہ کہا گیا ہے کہ بلوچستان ماحولیاتی لحاظ سے ایک حساس صوبہ ہے، ہمیں مستقبل کے خطرات کو روکنے کے لیے آج سے ہی اقدامات کرنے ہوں گے، شجر کاری، پانی کے ذخائر کی حفاظت اور صاف توانائی کو فروغ دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات روز بروز بڑھ رہے ہیں، اس کے اثرات سے بچنے کے لے صوبے بھر میں "گرین بلوچستان" مہم کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری، آلودگی کنٹرول اور ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینے کا منصوبہ بنایا ہے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی میں بلوچستان کا کوئی کردار نہیں ہے لیکن ہم سب سے زیادہ پاکستان میں متاثر ہوئے ہیں، 2022 کے تباہ کن سیلاب کے متاثرین سرکاری معاوضہ کے منتظر ہیں، 2022 کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لئے 500/400 ارب درکار ہے موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر ماہرین ماحولیات نے خبردار کیا ہے کہ اگر بلوچستان میں پہلے سے لگے درختوں کا تحفظ نہ کیا گیا اور مزید درخت نہ لگائے گئے تو آنے والے برسوں میں صوبے کے متعدد علاقوں سے شہریوں کو پانی اور مویشوں کیلئے چراگاہ کی تلاش میں ہجرت کرنا پڑ سکتی ہے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے بچنے کے لئے موثر منصوبہ بندی کی بھی ضرورت ہے، خاص طور پر پانی کا بے دریغ استعمال دھواں چھوڑتی گاڑیوں اور درختوں کی کٹائی کی روک تھام کے ساتھ ماحول دوست اقدامات کو فروغ دینا ہوگا۔

CamScanner